# تھسلنیکیوں کے نام پوُلس رسُول کا پہلا خط

۱ پوُلس اور سلوانس اور تیمُتھیُس کی جانب سے یہ خط
تھسلنیکیوں کی کلیسا کے نام جو خُدا باپ اور خُداوند یسوع
مسیح میں ہے خُدا کا فضل اور سلامتی تُم پر ہو!

## تھسلنیکوں کا ایمان اور زندگی

۲ جب بھی ہم دعا کرتے ہیں ہم تُمہیں ہمیشہ یاد کرتے ہیں
ہم ہمیشہ اور تُم سب کے لئے خُدا کا شکر کرتے ہیں۔ ۳ اور جب
ہم خُدا اور اپنے باپ کی خدمت میں دُعا کرتے ہیں ہم ہمیشہ شکریہ
ادا کرتے ہیں۔ تُمہارے ایمان کے کام اور محبّت کی محنت اور اُس
اُمیّد کے صبر کو بِلا ناغہ یاد کرتے ہیں وہ ہمارے خُداوند یسوع مسیح
کی بابت ہے۔ ۴ بھائیو اور بہنو! خُدا تُم سے محبت کرتا ہے اور
تُم اس کے چُنے ہوئے لوگوں میں ہو۔ ۵ ہم تُمہارے پاس خوش
خبری لائے ہیں ہم صرف لفظوں میں نہیں لائے بلکہ مقدس روح
*کی طاقت سے اور پورے اثبات جرم کے ساتھ جو سچ ہے اور تُم
جانتے ہو کہ جب ہم تُمہارے ساتھ تھے تو تُمہاری خاطر کسطرح
رہے۔ ۶ اور تُم ہمارے اور خُداوند کی راہ چلنے لگے تُم نے بہت
ساری مصیبتیں اٹھائیں لیکن انہیں خوشی کی تعلیم سے برداشت کر
لیا اور مقدّس روح نے تُمہیں وہ خوشیاں دیں۔ ۷ تُم مکدنیہ اور اخیہ
کے تمام ایمانداروں لوگوں کے لئے ایک نمونہ بنے ہو۔ ۸ کیوں
کہ نہ صرف خُداوند کی تعلیمات مکدنیہ اور اخیہ میں نہ صرف اس وجہ
سے پھیلی ہیں بلکہ تُمہارے خُدا کے ایمان کی بابت ہر جگہ معلومات
ہوئی اس لئے ہمیں اور کچھ تُمہارے ایمان کی بابت نہیں کہنا ہے۔
۹ کیوں کہ وہ خُود ہی ہمارے بارے میں بتاتے ہیں کہ تُم نے
ہمارا کیسا خیر مقدم کیا تھا۔ اور زندہ رہنےوالے سچّے خُدا کی خدمت
کرنے کے لئے ۔اور کسطرح تُم نے بُتوں کی عبادت کرنے
سے مُڑ گئے تھے۔ ۱۰ اور یہ انتظار کرنے کے لئے کہا کہ
خُدا کا بیٹا آسمان سے آئے گا خُدا نے اس بیٹے کو موت سے جِلایا وہ
یسوع ہے جو ہمیں خُدا کے آنے والے غضب سے بچاتا ہے۔

## تھِسلنکیوں میں پوُلس کا کام

۲ بھائیو اور بہنو! تُم جانتے ہو کہ ہماری تُم سے ملاقات ضائع
نہیں ہوئی۔ ۲ تُمہارے پاس آنے سے پہلے ہم فلپّی میں
مصیبت میں رہے وہاں کے لوگوں نے ہم سے بُرا سلوک کیا جس کو
تُم جانتے ہو اور جب ہم تُمہارے پاس آئے تو کئی لوگ ہمارے
مخالف تھے لیکن ہمارے خُدا نے ہمیں ہمت سے رہنے کے لئے اور
تُمہیں اپنے کلام کی خوش خبری دینے کے لئے مدد کی۔ ۳ ہماری
تعلیم ہمیں دھوکہ سے نہیں دی گئی اور نہ ہی ہم کو کسی بھی
بُرے ارادے سے یا دھوکہ دینے کے فریب سے۔ ۴ ہم خوش
خبری کی تعلیم دیتے ہیں کیوں کہ خُدا ہمکو جانچ کر چُکا ہے کہ خوش
خبری کی تعلیم دیں اس لئے جب ہم کہتے ہیں تو کسی آدمی کو خوش
کرنے کے لئے نہیں کہتے ہم خُدا کو خوش رکھنے کی کوشش کرتے
ہیں خُدا ہی ہے جو ہمارے دلوں کو جانچتا ہے ۵ تُم جانتے ہو کہ
ہم عمدہ باتیں کرکے تُم پر اپنا اثر ڈالنے کی کوشش کبھی نہیں کی
ہے ہم تُمہارے پیسے لینے کے لئے بہانہ کرنے نہیں آئے تھے۔
خُدا ہی جانتا ہے یہ سچ ہے۔ ۶ ہم لوگوں سے اپنی تعریف کبھی

---

**روح القدس** اس کو خدا کی روح۔ مسیح کی روح۔ آرام دہندہ بھی کہتے ہیں خدا اور مسیح
سے ملکر دنیا میں لوگوں کے لئے خدا کا کام انجام دیتا ہے۔

نہیں چاہتے ہم نے کبھی بھی تُم سے یا کسی اور سے ہماری تعریف
نہیں چاہی۔
۷ ہم مسیح کے رسول *ہیں اور جب ہم تُمہارے ساتھ تھے
توہم اپنے اختیار سے تُمہیں کچھ کرنے کے قابل بنا سکے ہم
تُمہارے ساتھ بہت نرمی سے پیش آئے ہم اس ماں کی مانند ہیں
جواپنے بچّوں کی دیکھ بھال کرتی ہے۔ ۸ ہم تُم سے سب سے زیادہ
محبت کرتے ہیں اس لئے خُدا سے ملی ہوئی خوش خبری کو ہی نہیں
بلکہ خوداپنی جان کو بھی تُمہارے ساتھ بانٹ لینا چاہتے ہیں۔
۹ بھائیو اور بہنو! سوچو کہ ہم نے کتنی سخت محنت کی ہم نے دن
رات محنت کی ہم نے جب تُمہیں خُدا کی خوش خبری دی تو اس
وقت ہم آپ پر بوجھ نہیں بنے کہ اور نہ ہم آپ سے کچھ روپیوں
کی توقع کی۔
۱۰ جب ہم تُم اہل ایمان لوگوں کے ساتھ تھے تو ہماری طرز
زندگی مقدس اورراستبازی کی تھی اور تُم جانتے ہو کہ یہ سچ ہے اور
خُدا بھی جانتا ہے کہ وہ سچ ہے۔ ۱۱ تُم جانتے ہو ہم نے تُم میں
سے ہر ایک کے ساتھ ایسا سلوک کیا جس طرح ایک باپ اپنے بچوں
سے کرتا ہے۔ ۱۲ ہم نے تُمہیں ہمت دی اور آرام پہونچایا اور
تُمہیں خُدا کے لئے قابل احترام زندگی گزارنے کے لئے کہا خُدا اپنی
بادشاہت اور جلال کے لئے تُمہیں بلایا ہے۔
۱۳ تُم نے خُدا کے پیغام کو قبول کیا ہم ہمیشہ اس کے لئے
خُدا کے شکر گزار ہیں تُم نے وہ پیغام ہم سے سنا ہے اور تُم نے
اسے ایسے قبول کیا جیسے وہ آدمی کے نہیں بلکہ خُدا کے الفاظ ہوں اور
حقیقت میں وہ خُدا ہی کی طرف سے پیغام ہے اور جو تُمہارے
کاموں پر ایمان لائے۔ ۱۴ بھائیو اور بہنو! تُم لوگ خُدا کی کلیسا
کی مانند مسیح یسوع میں ہو جو یہودیہ میں ہیں یہودیہ کے خُدا پرست
لوگ وہاں کے یہودیوں کی وجہ سے کئی مصیبتیں اٹھائیں اور تُم بھی
اپنے ہی ملک کے لوگوں سے مصیبت اٹھائی۔ ۱۵ ان یہودیوں
نے خُداوند یسوع کو مصلوب کیا اور نبیوں کو قتل کیا اور ہم کو ملک
چھوڑنے کے لئے مجبور کیا ان لوگوں سے خُدا خوش نہیں وہ لوگ ہر
کسی کے خلاف تھے۔ ۱۶ ہاں! وہ روکنے کی کوشش کی کہ ہم غیر
یہودیوں کو نجات کا پیغام نہ بتائیں ہم غیر یہودیوں کو وہ پیغام
دیتے ہیں تاکہ غیر یہودی بچائے جاسکیں اس طرح سے وہ اپنے
موجودہ گناہوں میں زیادہ سے زیادہ اضافہ کئے ہیں ان پر خُدا کا قہر
اپنے پورے غضب کے ساتھ اترے گا۔

## پولس کی دوبارہ ملنے کی خواہش

۱۷ بھائیو اور بہنو! ہم تُم سے کچھ عرصہ کے لئے جدا ہوئے
ہم وہاں تُمہارے ساتھ نہیں تھے لیکن ہمارے خیالات تُمہارے
ساتھ تھے ہم نے تُمہارے پاس آنے کی بے انتہا کوشش کی اور ہم
ایسا کرنا چاہتے تھے۔ ۱۸ ہاں! سچ ہے ہم نے تُمہارے پاس آنا
چاہا! میں پولس نے کئی بار آنے کی کوشش کی لیکن شیطان نے ہم
میں رکاوٹ پیدا کی۔ ۱۹ ہم اپنے خُداوند یسوع مسیح کے سامنے
تُم پر فخر کریں گے جب وہ آئے کیوں کہ تُم ہماری امید ہو ہماری
خوشیاں ہو اور ہمارا تاج بھی۔ ۲۰ حقیقت میں تُم ہماری شان اور
خوشی ہو۔

۳ ۱-۲ ہم تُمہارے پاس نہیں آسکے لیکن اتنا طویل
انتظار کرنا بھی مشکل تھا اس لئے ہم نے طے کیا کہ ہم
صرف اتھینے میں اکیلے ہی رہیں گے اور تیمُتھیُس کو تُمہارے پاس
بھیجیں گے وہ ہمارا بھائی ہے وہ ہمارے ساتھ خُدا کے لئے کام کرتا
ہے اور وہ خُدا کی طرف سے مسیح کی خوش خبری دینے میں ہماری
مدد کرتا ہے ہم نے تیمُتھیُس کو تُمہارے پاس بھیجا تاکہ وہ تُمہارے
لئے سہولت پیدا کرے اس لئے کہ تُمہارے ایمان میں پختگی آئے۔
۳ تیمُتھیُس کو اسلئے بھیجا ہے تاکہ تُم میں سے کوئی لرزاں نہ ہو
ان مصیبتوں سے جو ہمیں پیش آئی ہیں اور تُم جانتے ہو کہ ایسی
مصیبتوں سے ہم کو سامنا کرنا چاہیئے۔ ۴ جب ہم تُمہارے ساتھ
تھے تو ہم کہہ چکے تھے کہ ہم کو مصیبتوں کا سامنا کرنا ہوگا اور تُم
جانتے ہو کہ ایسا ہوا جیسا کہ ہم نے کہا تھا۔ ۵ تیمُتھیُس کو میں نے
تُمہارے پاس بھیجا ہے تاکہ میں تُمہارے ایمان کے بارے میں

---
**رسُول** یسوع نے اپنے لئے اِن خاص مددگاروں کو چُن لیا ہے۔

جان سکوں جب میں زیادہ انتظار نہ کرسکا تو اس لئے اس کو بھیجا مجھے ڈر تھا کہیں وہ شیطان اکسا کر تُمہیں شکست نہ دے اور ہماری سخت محنت کو کہیں ضائع نہ کر دے۔

۶ لیکن تیمُتھُیس تُمہارے ہاں سے واپس ہمارے پاس آگیا اور تُمہاری محبت اور ایمان کی خوش خبری دیا تیمُتھُیس نے یہ بھی کہا کہ تُم ہمیں ہمیشہ راستبازی سے یاد کرتے ہو اور ہم سے دوبارہ ملنے کی خواہش رکھتے ہو اور ہم بھی یہی چاہتے کہ تُم سے دوبارہ ملیں۔ ۷ بھائیو اور بہنو! ہمیں تُمہاری طرف سے اور تُمہارے ایمان کی بابت ہمیں اطمینان اور سکون ہے گویا ہم کو تکلیف اور مصیبت نے گھیر لیا ہے لیکن پھر بھی ہمیں تشفی ہے۔ ۸ حقیقت میں ہماری زندگی یہ ہے کہ تُم خُداوند میں اٹل کھڑے رہو۔ ۹ تُمہارے بارے میں تُمہارے سبب جو خُوشی ہمیں ملی ہے، اُس کے لئے ہم خُدا کا شکریہ اپنے خُدا کے سامنے کیسے کریں۔ ۱۰ ہم دن رات مسلسل تُمہارے لئے دعا کرتے ہیں کہ ہم تُم سے دوبارہ مل سکیں اور تُمہیں ہر وہ چیز دیں جو تُمہارے ایمان کو پختہ بنائے۔

۱۱ ہم اپنے خُدا باپ اور ہمارے خُداوند یسوع سے دُعا کرتے ہیں کہ ہمیں تُمہارے پاس آنے کا موقعہ دے۔ ۱۲ اور دُعا کرتے ہیں کہ خُداوند تُمہاری محبت کو زیادہ سے زیادہ ایک دوسرے کے لئے بڑھائے ہماری دُعا ہے کہ تُم سب لوگوں سے محبت کرو جس طرح ہم تُم سے کرتے ہیں۔ ۱۳ ہماری دعا ہے کہ تُمہارے دلوں میں قوت بھر جائے اور تُم خُدا باپ کے بغیر کسی غلطی کے مقدس ہو جاؤ۔ جب ہمارا خُداوند یسوع اپنے مقدس لوگوں کے ساتھ تُمہارے پاس آئے گا

## خُداوند کو خوش بنانے والی زندگی

۴ بھائیو اور بہنو! میں تُم سے کچھ اور چیزیں بھی کہنا چاہتا ہوں میں تُم کو بتا چکا ہوں کہ خُدا کی خوشی کے لئے کیسے رہنا چاہئے اور تُم اس راستے پر چل رہے ہو اس لئے خُداوند یسوع میں اور زیادہ ہم تُمہیں ہمت دیتے ہیں تا کہ تُم اس راستے کو زیادہ سے زیادہ جاری رکھو۔ ۲ جن چیزوں کو تُمہیں کرنا ہے ہم کہہ چکے ہیں وہ تُم جانتے ہو کہ وہ سب ہم نے خُداوند یسوع کے اختیار سے دئے ہیں۔ ۳ خُدا چاہتا ہے کہ تُم مقدس رہو اور جنسی حرامکاری اور گناہوں سے دور رہو۔ ۴ خُدا چاہتا ہے کہ تُمہیں اپنے جسموں پر قابو کا اختیار ہو ایسا راستہ اختیار کرو جو مقدس ہو اور جو خُدا کی عزّت کا سبب بنے۔ ۵ اپنے بدن کو جنسی گناہوں میں نہ استعمال کرو جو لوگ خُدا کو نہیں جانتے اپنے بدن کو استعمال کرتے ہیں۔ ۶ تُم میں سے کوئی بھی اپنے مسیح بھائی کے لئے برائی اور غلط طریقہ اختیار نہ کرے اور نہ اس کا ناجائیز فائدہ اٹھائے، خُداوند لوگوں کو ان سب چیزوں کے لئے سزا دیتا ہے۔ اور ہم ان چیزوں کے متعلق تُمہیں کہہ چکے ہیں اور پہلے ہی خبردار کر چکے ہیں۔ ۷ خُدا نے ہم کو ناپاکی کے لئے نہیں بلکہ پاکیزگی کے لئے بُلایا۔ ۸ پس جو لوگ اس کی تعلیمات کی فرماں برداری نہیں کرتے تو ایسے لوگ آدمی کے نہیں بلکہ خُدا کے نافرماں ہیں اور خُدا ہی ہے جو تُمہیں مقدس روح سے نوازتا ہے۔

۹ ہمیں یہ لکھنے کی ضرورت نہیں کہ تُمہیں اپنے مسیحی بھائیوں اور بہنوں میں محبت رکھنا چاہئے تُم نے خُدا سے سیکھا ہے کہ کس طرح تُمہیں ایک دوسرے سے محبت کرنا چاہئے۔ ۱۰ اور تُم حقیقت میں مکدنیہ کے تمام بھائیوں اور بہنوں سے سچّی محبت رکھتے ہو ہم تُمہیں ان سے مزید اور محبت کرنے کے لئے ہمت بڑھاتے ہیں۔ ۱۱ تُم سب پر امن اور سلامتی کی زندگی میں رہ کر اس کو اعزاز سمجھو اور اپنے کام کی طرف توجہ دو اور اپنی کمائی اپنے ہاتھ سے کماؤ ہم تُمہیں سب کرنے کے لئے پہلے ہی کہہ چکے ہیں۔ ۱۲ اگر ایسا کرو گے تو لوگ جو ایماندار نہیں ہیں وہ بھی تُمہاری زندگی کے راستے پر چلیں گے اور تُم اپنی ضرورتوں کے لئے دوسروں کے محتاج نہیں ہوں گے۔

## خُداوند کی آمد

۱۳ بھائیواور بہنو! ہم تُم کو معلوم کرانا چاہتے ہیں کہ مرے ہوئے لوگوں کے ساتھ کیا ہونے والا ہے تب تُم کو دوسروں کی

طرح رنجیدہ نہیں ہونا چاہیئے جن کے پاس کسی بھی طرح کی امید
نہیں ہے۔ ۱۴ ہمیں کامل ایمان ہے کہ مسیح مر چکا ہے لیکن
مسیح دوبارہ اٹھایا گیا ہے اسی لئے یسوع ہی کی وجہ سے خُدا ان لوگوں
کو بھی جو مر چکے ہیں یسوع کے ساتھ لے آئے گا۔ ۱۵ ہم تُمہیں
اب جو کہتے ہیں وہ خُداوند کا پیغام ہے وہ جو زندہ ہیں خُداوند
کے دوبارہ آنے تک خُداوند کے ساتھ رہیں گے لیکن ان سے آگے
نہیں نکل سکیں گے جو مر چکے ہیں۔ ۱۶ خُداوند خود آسمان سے
نیچے آئے گا تب وہ حکم سنے گا تو کروبی فرشتہ* بگل کی آواز میں
خُداوند کی طرف سے آواز کرنے لگا تمام جو مسیح میں مر گئے ہیں وہ
دوسروں سے پہلے اٹھیں گے۔ ۱۷ اس کے بعد جو پھر بھی زندہ
ہیں ان کے ساتھ جو پہلے ہی مر گئے ہیں ان کے ساتھ یہی ہوا ہمکو
خُداوند سے ملنے کے لئے بادلوں کے بیچ اوپر اٹھا لیا جائے گا اور ہم
ہمیشہ کے لئے خُداوند کے ساتھ رہیں گے۔ ۱۸ اس لئے ان
لفظوں کے ساتھ ایک دوسرے کو اطمینان دلاتے رہو۔

## خُداوند کے استقبال کے لئے تیار رہو

۵ اے بھائیو اور بہنو! تُمہیں تاریخ اور اوقات کے لکھنے کی
ضرورت نہیں ہے۔ ۲ تم اچھی طرح جانتے ہو کہ خُداوند کی
دوبارہ آمد کا دن اسی طرح غیر متوقع ہوگا جس طرح رات میں چور
آتا ہے۔ ۳ جب لوگ کہیں گے "ہم سلامتی سے محفوظ ہیں" تب
تباہی اترے گی اور وہ تباہی اس درد کی مانند ہوگی جو عورت کو بچہ
جنتے وقت ہوتی ہے اور وہ لوگ کہیں بھی بچ کر بھاگ نہیں پائیں گے
۔ ۴ لیکن تُم سب بھائی بہن تاریکی میں نہیں رہو گے کہ وہ دن چپکے
سے چور کی طرح آکر تُمہیں تعجب میں ڈال دے۔ ۵ تُم سب
لوگوں کا تعلق تو روشنی سے ہوگا اور تُم لوگوں کا تعلق رات سے یا
تاریکی سے نہیں ہوگا۔ ۶ اس لئے ہم کو دوسرے لوگوں جیسا
نہیں ہونا چاہیئے ہم کو سوتے نہیں رہنا چاہیئے بلکہ ہمیں جاگتے رہنا
چاہیئے اور خود پر قابو رکھنا چاہیئے۔ ۷ کیوں کہ جو سوتے ہیں تو
رات میں سوتے ہیں اور جو نشہ کرتے ہیں تو وہ بھی رات میں نشہ
کرتے ہیں۔ ۸ لیکن ہمارا تعلق تو دن سے ہے اس لئے ہمیں اپنے
پر قابو رکھنا چاہیئے آؤ ایمان اور محبت کا بکتر لگا کر اور نجات کی امید
خود پہن کر ہوشیار رہیں۔- ۹ خُدا نے ہمیں اس کے غصہ میں
مبتلا ہونے کے لئے نہیں چنا بلکہ ہم کو ہمارے خُداوند یسوع مسیح
کے ذریعہ نجات دینے کے لئے چنا ہے۔ ۱۰ یسوع ہمارے لئے
ہی مر گیا تا کہ ہم اس کے ساتھ مل کر رہیں ہمارے زندہ یا مردہ ہو
نے کا کوئی فرق نہیں پڑتا جب وہ آئے گا۔ ۱۱ اس لئے کہ ایک
دوسرے کو سکھ پہونچاؤ اور ایک دوسرے کو طاقتور بناؤ جیسا کہ
تُم کر بھی رہے ہو۔

## آخری ہدایات اور سلام

۱۲ بھائیو اور بہنو! تُم سے ہماری درخواست ہے کہ جو لوگ
تُمہارے ساتھ سخت محنت کر رہے ہیں اور جو خُداوند میں تُمہیں
راہ دکھاتے ہیں ان کی عزّت کرتے رہو۔ ۱۳ اور اُن کے کام کے
سبب سے محبّت کے ساتھ انکی بڑی عزت کرو۔
اور ایک دوسرے کے ساتھ امن سے رہو۔ ۱۴ اے بھائیو
اور بہنو! ہم تُم سے کہتے ہیں کہ جو لوگ کام نہیں کرتے انہیں
خبردار کرو جو لوگ ڈرتے ہیں انکو ہمت دلاؤ جو کمزور ہیں ان کی مدد
کرو اور ہر ایک کے ساتھ صبر سے کام لو۔ ۱۵ اس بات کو یقینی
بناؤ اور دیکھتے رہو کہ کوئی بھی برائی کا بدلہ برائی سے نہ دے بلکہ
سب ایک دوسرے سے بھلائی کرنے کا جتن کرتے رہیں۔
۱۶ ہمیشہ خوش رہو۔ ۱۷ دعا کرنا کبھی نہ چھوڑو۔ ۱۸ ہر
وقت خُدا کا شکر کرتے رہو اور یہی خُدا کی مرضی ہے تُم سے مسیح
یسوع میں چاہتا ہے۔
۱۹ مقدس روح کے کام کو مت روکو۔ ۲۰ نبیوں
کے پیغام کو کبھی غیر اہم مت سمجھو۔ ۲۱ ہر بات کی اصلیت کو
جانچو لیکن جو اچھا ہے اس کو قبول کرلو۔ ۲۲ ہر قسم کی برائی
سے دور رہو۔
۲۳ ہماری دعا ہے کہ خُدا وہ جو سلامتی کا ذریعہ ہے وہ پو
رے طریقہ سے تُم کو پاک کردے۔ اور ہماری دعا ہے کہ پوری طرح

مُقرّب (کروبی) فرشتہ یہ خُدا کے فرشتوں میں سے مقرّب ہے۔

تُمہاری ہستی ،روح ، جسم ،جان کو محفوظ اور بغیر عیب کے رکھے
جب ہمارا خُداوند یسوع مسیح آئے گا- ۲۴ وہ جس نے تُمہیں بلایا
ہے وہی تُمہاری چیزیں پورا کرے گا کیوں کہ وہ وفادار ہے-
۲۵ بھائیو اور بہنو! براہ کرم ہمارے لئے بھی دعا کرو- ۲۶
سب بھائیوں بہنوں کو جب تُم ملو تو ہمارا مقدس پیار ان کو دو-
۲۷ تُمہیں خُداوند کے اختیار سے کہتا ہوں کہ اس خط کو سب
بھائیوں بہنوں کو پڑھ کر سناؤ- ۲۸ ہمارے خُداوند یسوع مسیح کا
فضل تُمہارے ساتھ رہے-آمین !

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**
- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from: http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from: http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html